## سوال

(229) عورتوں کا مسجد میں نماز جمعہ ادا کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا عورتوں کا نمازِ جمعہ مسجد میں جا کر ادا کرنا جائز ہے یا نہیں۔؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اگرچہ عورتوں پر مسجد میں نماز جمعہ ادا کرنا فرض نہیں ہے لیکن عورتوں کے لئے مسجد میں جا کر نماز جمعہ ادا کرنا بالکل درست اور صحیح ہے، کیونکہ نبی کریم ﷺ کے زمانے میں عورتیں نماز جمعہ سمیت تمام نمازیں ہی مسجد میں ادا کیا کرتی تھیں۔ نبی کریم ﷺ کا ارشاد گرامی ہے :

**«لاتَمنَعُوا إِماءَ اللَّهِ مَساجِدَ اللَّهِ» (بخاری: 900)**

تم اللہ کی بندیوں کو اللہ کی مساجد سے نہ روکو۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

# فتوی کمیٹی

## محدث فتوی